سوال

قیراط کیا ہی

جواب

قیراط کی وضاحت السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ قیراط کیا ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! قیراط ایک پیمانہ ہے جس کی وضاحت نبی کریم ﷺ کی اس حدیث مبارکہ سے ہوتی ہے ۔ «مَنِ اتَّبَعَ جَنَازَةَ مُسْلِمٍ ، إِيمَانًا وَاحْتِسَابًا، وَكَانَ مَعَهُ حَتَّى يُصَلَّى عَلَيْهَا وَيَفْرُغَ مِنْ دَفْنِهَا، فَإِنَّهُ يَرْجِعُ مِنَ الأَجْرِ بِقِيرَاطَيْنِ، كُلُّ قِيرَاطٍ مِثْلُ أُحُدٍ، وَمَنْ صَلَّى عَلَيْهَا ثُمَّ رَجَعَ قَبْلَ أَنْ تُدْفَنَ، فَإِنَّهُ يَرْجِعُ بِقِيرَاطٍ»)بخاری : 47) جو شخص کسی مسلمان کے نماز جنازہ میں شرکت کرتا ہے ،اور دفن تک اس کے ساتھ رہتا ہے تو اسے دو قیراط ثواب ملتا ہے ۔ ہر قیراط احد پہاڑ کے برابر ہے ،اور اگر دفن سے پہلے ہی لوٹ آتا ہے تو اسے ایک قیراط ثواب ملے گا ۔ اس سے معلوم ہوا کہ قیراط احد پہاڑ کے برابر پیمانے کا نام ہے ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی